SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XLIX مجریہ 2013
SINDH ACT NO. XLIX OF 2013
لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اور ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳
THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY (REVIVAL AND AMENDING) ACT, 2013

(CONTENTS)فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲. ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XXI کی تجدید
Revival of Sindh Act No. XXI of 1994
۳. ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XXI کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No. XXI of 1994
۴. ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XXI کی دفعہ۴ کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Act No. XXI. 1994
۵. ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ X کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Sindh Act No. XXI of 1994
۶. ۲۰۰۹ کے سندھ ایکٹ VIII کی منسوخی
Repeal of Sindh Act No.VIII of 2009
۷. محفوظ بنانا
Saving

سندھ ایکٹ نمبر XLIX مجریہ 2013
SINDH ACT NO. XLIX OF 2013
لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اور ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳

THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY (REVIVAL AND AMENDING) ACT, 2013

[۱ نومبر ۲۰۱۳]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی سے منسلک قانون کی تجدید اور ترمیم کی جائی گی۔

جیسا کہ ہاؤسنگ انڈسٹری کو فروغ اور ترقی کو فروغ دینے اور صوبے کی عوام کو رہائش فراہم کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ لاڑکانہ ڈولپمنٹ ایکٹ، ۱۹۹۴ کے اس مندرجہ ذیل طرح تجدید اور ترمیم کی جائی گی۔

اس کو اس طرح بنا کے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اور ترمیم)، ایکٹ، ۲۰۱۳ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فوری نافذ العمل ہوگا۔

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XXI کی تجدید
Revival of Sindh Act No. XXI of 1994

۲. لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی، ایکٹ۱۹۹۳، جولائی ۲۰۰۲ کے پہلے دن سے اس طرح تجدید و ترمیم سمجھا جائے گا جیسا وہ کبھی بھی تبدیل یا تجدید نہیں گیا ہے اور اس کے بعداس کو وہ ہی ایکٹ کہا جائے گا:

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XXI کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No. XXI of 1994

۳. ایکٹ کی دفعہ ۲ کی شق (e) کے بعد یہ نئی شق شامل کی جائے گی۔

"(ee) "کنسالیڈیشن آف لینڈ" سے مراد ہے اسکیم کے مقاصد کے لئے اسکیم کے پلاٹوں کی ادلہ بدلی یا کسی اور طریقے سے مطابقت میں لے آنا۔

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ XXI کی دفعہ۴ کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Act No. XXI. 1994

۴. دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے لئے مندرجہ ذیل نعم البدل ہوگا:

"(1) اتھارٹی کی تشکیل: اتھارٹی مشتمل ہوگی:

(a) لوکل گورنمنٹ، پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ، رورل ڈولپمنٹ ہاؤسنگ، سندھ کا وزیر	چیئرمین.
(b) سرکار کے طرف سے نامزد کئے گئے صوبائی اسمبلی کا ایک مقامی میمبر	میمبر
(c) لوکل گورنمنٹ، پبلک انجنیئرنگ، رورل ڈولپمنٹ ہاؤسنگ، سندھ کا سیکریٹری	میمبر
(d) لاڑکانہ کا کمشنر	میمبر
(e) پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ سکھر کا چیف انجنیئر	میمبر
(f) لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل	میمبر/ سیکریٹری
(g) سرکار کے طرف سے نامزد کئے گئے دو افراد ایک ٹیکنو کریٹ اور ایک سو ل سوسائٹی	میمبر

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ X کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Sindh Act No. XXI of 1994

۵. اس ایکٹ کی دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (I)کی شق (iii) کے بعد یہ نئی شق شامل کی جائے گی:
"(iii-a) کسی زمین کو اسی طرح مربوط کرنا جیسا قواعد میں بیا ن کیا گیا ہو" ۔

۲۰۰۹ کے سندھ ایکٹ VIII کی منسوخی
Repeal of Sindh Act No.VIII of 2009

۶. لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی(تجدید اور ترمیم) ایکٹ ۲۰۰۹ (سندھ ایکٹ VIII، ۲۰۰۹) کو ختم کیا جا رہا ہے۔

محفوظ بنانا
Saving

۷. ۲۰۰۲ کے جولائی کی پہلی تاریخ اور اس ایکٹ کی نافذ ہونے (دونوں دن کے ساتھ) کئے گئے سارے احکام، کی گئی کاروائیاں، اٹھائے گئے اقدام پر وہ کسی کورٹ کے خلاف نہ ہو تو پھر سمجھا جائے گا کہ وہ لاڑکانہ ڈولپمنٹٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۹۳ کے مطابق درست اقدام اٹھائے گئے ہے اور اس پر کسی کورٹ یا فورم پر کسی بھی بنیاد پر سوال نہیں اٹھایا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔